## جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے درجہ اوّل کے تین طلبا کی تقریب تکمیل حفظ القرآن

امسال جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن کی کلاس اوّل کے 3 طلبا حافظ اسامہ اقبال، حافظ سعد عبدالوحید اور حافظ منیب صابر نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا۔ اُن کے اعزاز میں مورخہ 11 فروری بروز ہفتہ دن گیارہ بجے ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ان 3 خوش نصیب طلبا نے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی کو آخری سبق سنایا۔ اس موقع پر جامعہ اور اُثریہ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کے اساتذہ کے علاوہ ارشد محمود زرگر، چوہدری احتشام الحق نمبردار، تنویر اسلم اور صابر حسین موجود تھے۔

## مصطفائی کارپٹ اینڈ پردہ سینٹر کا شاندار افتتاح

مورخہ 30 جنوری بروز سوموار شیخ سیٹھی محمد اشرف کے بیٹے سیٹھی مصطفیٰ نے مجاہد آباد اولڈ جی ٹی روڈ بالمقابل پرانا پاسپورٹ آفس مصطفائی کارپٹ اینڈ پردہ سینٹر کے نام سے کاروبار شروع کیا۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مختصر درس اور دعا کے ساتھ اس دکان کا افتتاح کیا جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## حارث الیکٹرک سٹور (پنڈی سید پور) کی افتتاحی تقریب

جماعت کے مخلص ساتھی اسجد محمود کے بیٹے حارث اسجد نے ٹھل چوک پنڈی سید پور میں حارث الیکٹرک سٹور کے افتتاح کے موقع پر مورخہ 9 فروری بروز جمعرات افتتاحی پروگرام کا اہتمام کیا جس میں مولانا قطب شاہ نے مختصر درس دیا اور دعا کی اس پروگرام میں جماعتی احباب نے کافی تعداد میں شرکت کی۔

# وفیات

## محمد شفیق و محمد عقیل شفیق (دینہ) کو صدمہ

جامع مسجد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اہل حدیث دینہ کے مستقل نمازی محمد شفیق کا بیٹا اور محمد عقیل کا بھائی محمد نعمان شفیق طیارہ حادثہ میں وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کا پابند، نیک اور ملنسار انسان تھا۔ مرحوم کی نماز جنازہ مورخہ 16 دسمبر بروز جمعہ دینہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد علی (محلہ خواجگان) کو صدمہ

مورخہ 2 جنوری بروز سوموار محمد علی کے والد عبدالستار بلال ٹاؤن میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون.

مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## میاں نعیم بشیر (کے ڈی سی فیکٹری) راٹھیاں کو صدمہ

مورخہ 2 جنوری بروز سوموار میاں نعیم بشیر کی بھاوج وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ قاری عبدالقدیر امام جامع مسجد نصر اہل حدیث راٹھیاں نے پڑھائی۔

## ماسٹر مرزا جابر و مرزا عبدالجبار (خورد) کو صدمہ

مورخہ 11 جنوری بروز بدھ ماسٹر مرزا جابر کی اہلیہ اور مرزا عبدالجبار کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ وتلاوت قرآن پاک کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے خورد میں پڑھائی۔

## سیٹھی شکیل احمد کو صدمہ

مورخہ 28 جنوری بروز ہفتہ سیٹھی شکیل احمد (سیٹھی کارپٹ رام دین بازار) کی ساس محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد یاسر (میانہ کوٹھہ جہلم) کو صدمہ

مورخہ 28 جنوری بروز ہفتہ محمد یاسر کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے میانہ کوٹھہ جہلم میں پڑھائی۔

## طلعت ڈار و ندیم ڈار (چک جمال) کو صدمہ

چک جمال میں جماعت کے انتہائی مخلص ساتھی طلعت ڈار و ندیم ڈار کی والدہ محترمہ مورخہ 29 جنوری بروز اتوار طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے چک جمال میں پڑھائی۔

## چوہدری عبدالکلام و خالد سعید (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 31 جنوری بروز منگل جامع مسجد اہل حدیث حاجی آئمہ کے نمازی چوہدری عبدالکلام کے چچازاد بھائی خالد سعید کی زوجہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور

نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## مرزا تیمور بیگ و مرزا عبدالوہاب (خورد) کو صدمہ

مورخہ 10 فروری بروز جمعہ مرزا تیمور بیگ کے والد اور مرزا عبدالوہاب کے نانا جان مرزا اسلم بیگ خورد میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث خورد کے مستقل نمازی، انتہائی نیک، شب زندہ دار اور با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)


## مسلک اہل حدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل

### اشتہارات کا مکمل سیٹ مفت منگوائیں

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے مسلک اہل حدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل سات اشتہارات کا درج ذیل مکمل سیٹ زیر تقسیم ہے۔

1۔ نماز میں پاؤں سے پاؤں ملانے اور سینے پر ہاتھ باندھنے کا ثبوت 2۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور مشکل حل کرنے پر قادر ہے؟ ایک سوال کی دس شکلیں! 3۔ اہمیت نماز اور بے نماز کا انجام 4۔ نماز وروزہ کے دائمی محمدی اوقات۔

5۔ سورۃ فاتحہ خلف الامام...... 6۔ آمین بالجہر کا ثبوت...... 7۔ اثبات رفع الیدین......

ملک بھر کی تمام مساجد اہل حدیث کے منتظمین حضرات مذکورہ بالا مکمل سیٹ مفت منگوائیں اور فریم کروا کر اپنے زیر انتظام مساجد و دینی اداروں میں نمایاں جگہ پر آویزاں کریں...... مسائل حقہ کی ترویج کا یہ مؤثر ترین ذریعہ ہے۔

نوٹ: فریم کروا کر آویزاں کرنے کا وعدہ آنا ضروری ہے، اس وعدے کی صورت میں ڈاک خرچ ادارہ کی طرف سے برداشت کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

رابطہ بذریعہ فون صبح 8 بجے سے 10 بجے تک............ موبائل نمبر 0333-8556473

محمد یٰسین راہی مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جام پور ضلع راجن پور پنجاب پاکستان